# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

## Text of Urdu News Bulletin

**Dated : 24-09-2026**

**Time : 07:40 PM**

---

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔خبروں کا بلیٹن لیکر میں شیخ یاسین پہلے اہم خبروں کی سرخیاں۔

**ہیڈ لائن**

✓ ۱ ----- قانون ساز اسمبلی میں آج بھی عوامی نوعیت کے کئی معاملات پر ہوا بحث ومباحثہ // TET سے متعلق قرارداد ایوان میں پاس۔

✓ ۲ ----- اُتر پردیش میں ایک مسافر بس میں لگی آگ میں کئی افراد از جان // لیفٹینینٹ گورنر منوج سنہا اور وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کا اظہار رنج۔

✓ ۳ ----- جموں وکشمیر میں صنعتی پالیسی کی مؤثر عمل آوری کو یقینی بنانے کی وزیر اعلیٰ کی ہدایت۔

اور

✓ ۴ ----- آج عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے پیر پیران حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمۃ اللہ علیہ کا عرس مبارک۔

**اب پیش ہے خبروں کی تفصیل**

اسمبلی کارروائی

قانون ساز اسمبلی کا اجلاس سرینگر میں خوش اسلوبی سے جاری ہے۔آج بھی کئی ارکان نے عوامی نوعیت کے متعدد معاملات کو اجاگر کرکے متعلقہ وزیروں سے ان کے جوابات طلب کئے۔

وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے سجاد شفیع کے سوال کا جواب دیتے ہوئے ایوان کو جانکاری دی کہ تعلیمی اداروں میں طلباء اور اساتذہ کے تناسب میں معقولیت لانے کیلئے اضافی عملہ فراہم کیا جارہا ہے۔وزیر موصوفہ نے سنیل کمار شرما کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت جموں صوبے کے دور افتادہ علاقوں بشمول پاڈر۔ناگ سینی اسمبلی حلقے میں طبی نگہداشت کے شعبے کو بڑھاوا دینے کیلئے ہر ممکن اقدامات کررہی ہے۔

دیہی ترقی اور پنچائتی راج کے وزیر جاوید احمد ڈار نے پیرزادہ فارق احمد شاہ، غلام احمد میر اور عرفان حفیظ لون کے مشترکہ سوال اور شبیر احمد کُلے کے ضمنی سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ جموں وکشمیر میں ساڑھے 7 لاکھ کنبے بالواسطہ یا بلاواسطہ طور ہارٹیکلچر شعبے کے ساتھ وابستہ ہیں اور اس شعبے کو دوام بخشنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کئے جارہے ہیں۔

ٹرانسپورٹ کے وزیر ستیش شرما نے ایوان میں آر ایس پٹھانیہ کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ نظرثانی شدہ کار پالیسی اس وقت حکومت کے زیرغور ہے جس کے تحت OneVehicle-One Officer کا اصول متعارف کیا جارہا ہے۔

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے ہلال اکبر لون کے سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ سونہ واری حلقے میں اس وقت 110 آبپاشی اسکیمیں محکمے کے دائرہ اختیار میں ہیں۔

عمر بل

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ جن کے پاس مکانات و شہری ترقی محکمے کا قلمدان بھی ہے، نے آج جموں وکشمیر میونسپل ایکٹ 2000 میں ترمیم کیلئے ایک بِل ایوان میں پیش کیا۔ جموں وکشمیر میونسپل ترمیمی بِل 2026 پہلے ہی سرکاری گیزیٹ کے غیر معمولی شمارے میں شایع کیا گیا ہے۔

سکینہ ایتو

قانون ساز اسمبلی نے آج وزیر تعلیم سکینہ ایتو کی طرف سے TET سے متعلق پیش کی گئی قرارداد کو صوتی ووٹ سے پاس کیا۔ اس کا مقصد 31 اکتوبر 2019 سے پہلے تعینات کئے گئے اساتذہ کو ٹیچر ایلیجبلٹی ٹیسٹ سے مستثنیٰ رکھنا ہے۔

دو دن تک ارکان نے اس پر بحث کرکے اس قرارداد کو پاس کردیا۔ وزیر تعلیم نے اپنی اپنی رائے پیش کرنے کیلئے تمام ارکان کا شکریہ ادا کیا ہے۔

بعد میں میڈیا نمائندوں کے ساتھ بات کرتے ہوئے سکینہ ایتو نے کہا۔۔

-----Sakina Byte------

بل مسترد

ایم ایل اے شیخ خورشید احمد نے ایوان میں ایک بل پیش کیا جس میں انہوں نے تجویز دی تھی کہ عوامی نمائندوں اور سرکاری ملازمین کے بچوں کو حصول تعلیم کیلئے سرکاری سکولوں میں داخل کرانے کو لازمی قرار دیا جائے۔

بل کی مخالفت کرتے ہوئے وزیر تعلیم سکینہ ایتو نے کہا کہ سرکاری سکولوں میں طالب علموں کی تعداد بڑھانے کیلئے

پہلے ہی مناسب اقدامات کئے جا رہے ہیں ۔انہوں نے ممبر موصوف کو یہ بل واپس لینے کیلئے کہا، تاہم مذکورہ ممبر کی جانب سے انکار کے بعد اس بل کو صوتی ووٹ کے ذریعے مسترد کیا گیا۔

ستیش شرما

خوراک کے وزیر ستیش شرما نے ایوان میں بتایا کہ سرکار نے انتودیا اَنا یوجنا کے دائرے میں لائے گئے صارفین کو سالانہ 6 رسوئی گیس سلینڈر مفت فراہم کرنے کا فیصلہ کیا ہے ۔ وزیر موصوف ایوان میں ممبران کی جانب سے اُٹھائے گئے عوامی معاملات کے ردِعمل میں بول رہے تھے ۔

وقفہ صفر

دریں اثنا وقفہ صفر کے دوران بھی آج کئی ارکان نے عوامی نوعیت کے معاملات اُجاگر کئے اور اُن کی جانب حکومت کی توجہ مبذول کرائی ۔

جن ارکان نے اپنے اپنے مسائل اُجاگر کئے اُن میں نظام الدین بٹ، نذیر احمد خان گریزی، شمیم فردوس، ایم وائی تاریگامی، مظفر اقبال خان، دلیپ سنگھ پریہار، رامیشور سنگھ، پیرزادہ فاروق احمد شاہ، شکتی راج پریہار، حسنین مسعودی، سجاد غنی لون اور نریندر سنگھ شامل ہیں ۔

سریندر توجہ

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے ایم ایل اے بلونت سنگھ منکوٹیہ کی توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے ایوان میں بتایا کہ سرکار نے حالیہ سیلاب سے متاثر ہوئی سڑکوں کی بحالی کیلئے ضروری اقدامات کئے ہیں ۔

توجہ دلاؤ

جل شکتی کے وزیر جاوید احمد رانا نے آج ارشاد رسول کار کی توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ محکمہ سوپور حلقے میں لوگوں تک پینے کا صاف پانی پہنچانے کیلئے جل جیون مشن اور امرت کے تحت متعدد واٹر سپلائی سکیمیں عملا رہا ہے ۔

صحت و طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے جاوید حسن بیگ کی توجہ دلاؤ نوٹس کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ حکومت تمام طبی اداروں میں اہم ساز و سامان دستیاب کرانے نیز **GMC** بارہمولہ میں وینٹیلیٹر قابل کار بنانے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے ۔

جاوید اسمبلی

زراعت کے وزیر جاوید احمد ڈار نے ایوان کو بتایا کہ سرکار نے جموں وکشمیر میں غیر معیاری اور نقلی جراثیم کش ادویات کی خرید وفروخت پر روک لگانے کیلئے منظم لائحہ عمل ترتیب دیا ہے۔ وہ ممبر اسمبلی وحید الرحمان پرہ کی توجہ دلاؤ تحریک کا جواب دے رہے تھے۔

سی ایم۔ ایل جی دکھ

لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا نے گریٹر نوئیڈا اتر پریش میں ایک بس کو لگی آگ کی وجہ سے ہوئے قیمتی جانوں کے زیاں پر دکھ کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں انہوں نے سوگواروں کے ساتھ ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے زخمیوں کی جلد صحت یابی کیلئے دعا کی۔

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے بھی اس حادثے پر دُکھ کا اظہار کرتے ہوئے متاثرین کے ساتھ یکجہتی ظاہر کی ہے۔ انہوں نے بھی زخمیوں کی فوری صحت یابی کیلئے دعا کی۔

**Break**

یہ خبریں آپ آکاشوانی سرینگر سے سن رہے ہیں۔ خبریں اور آکاشوانی کے دیگر پروگرام آپ صرف آکاشوانی کے موبائیل ایپلی کیشن News on AIR، WAVES او ٹی ٹی پلیٹ فارم اور پرسار بھارتی کی ویب سائٹ www.prasarbharti.gov.in کے علاوہ DTH پر بھی سماعت کر سکتے ہیں۔ اس کے علاوہ کوئی بھی دوسری ایپ یا ویب سائٹ پرسار بھارتی سے وابستہ یا منظور شدہ نہیں ہے۔

GONG

سی ایم میٹنگ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے آج سیول سیکریٹریٹ سرینگر میں ایک میٹنگ کے دوران جموں وکشمیر صنعتی پالیسی **2026-35** کے ڈرافت کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کہا کہ نئی پالیسی کی بدولت ابھرتے ہوئے صنعتکاروں کو ایک جامع پیکیج فراہم کیا جانا چاہئے۔ وزیر اعلیٰ نے مقامی صنعت کو فروغ دینے اور کاروبار کے عمل میں آسانی پیدا کرنے کے علاوہ نوجوانوں کو ہنر مند بنانے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ میٹنگ میں پر نائب وزیر اعلیٰ سریندر چودھری، وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور چیف سیکریٹری اٹل ڈلو کے علاوہ دیگر کئی افسران بھی موجود تھے۔

سیو اسنکلپ

وزیراعظم نریندر مودی عوامی خدمت کے اپنے سفر کے 25 سال مکمل کر رہے ہیں۔ ان 25 برسوں کے سفر کی کامیابی وزیراعظم کے ''جن سیوا سے دیش سیوا'' کے جذبے سے واضح ہو جاتی ہے۔

سرکار وکست بھارت 2047 کا ہدف حاصل کرنے کیلئے مسلسل کام کرتی رہی ہے۔ جامع ترقی اور سماجی بااختیاری کے نتیجے میں عوامی زندگی میں کافی بدلاؤ آیا ہے۔ مرکزی حکومت کی طرف سے عملائے جا رہے پروجیکٹوں کی بدولت جموں وکشمیر بھی ترقی کی نئی بلندیوں کو چھو رہا ہے۔

خصوصی سیریز ''سیوا سنکلپ ابھیان'' کے سلسلے میں سماعت کریں پی ایم جن مان سے متعلق ہمارے نمائندے سہیل بٹ کی یہ رپورٹ۔

**..........Report.........**

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے جموں وکشمیر میں لیبر قوانین کی موثر عمل آوری پر زور دیا ہے۔ سرینگر میں آج ایک میٹنگ کے دوران انہوں نے لیبر قوانین کی رو سے مختلف کارخانوں اور تجارتی اداروں میں کام کرنے والے ملازمین کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کی ہدایت دی۔

فاروق عبداللہ

نیشنل کانفرنس کے صدر ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا ہے کہ ان کی جماعت جموں کشمیر کے لوگوں کو اپنے آئینی حقوق دلانے کیلئے جدوجہد جاری رکھے گی۔ شوپیان میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ موجودہ سرکار لوگوں کے مطالبات پورا کرنے اور ان کے مسائل حل کرنے میں سنجیدہ ہے۔ ڈاکٹر فاروق عبداللہ نے کہا کہ مرکزی سرکار کو جموں کشمیر کا ریاستی درجہ بحال کرنا چاہئے۔

ست شرما

بی جے پی جموں وکشمیر کے صدر اور راجیہ سبھا ممبر ست شرما نے آج سانبا ضلعے میں پارٹی کارکنوں کی ایک میٹنگ کے دوران تنظیمی امور اور سیوا سنکلپ ابھیان کی پیش رفت کا جائزہ لیا۔

سنیل شرما

قانون ساز اسمبلی میں حزب اختلاف لیڈر سنیل شرما نے نیشنل کانفرنس سرکار پر لوگوں کے ساتھ کئے گئے وعدے پورا

کرنے میں ناکام ہونے کا الزام عاید کیا ہے۔ ایک بیان میں انہوں نے کہا ہے کہ سرکار نے **AAY** کنبوں کو **12** گیس سلینڈر سالانہ مفت فراہم کرنے کا وعدہ کیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کو چاہئے کہ وہ سرکار کو جواب دہ بنائیں۔

بی جے پی سنکلپ

بی جے پی جموں وکشمیر کے اہتمام سے آج سرینگر میں سیوا سنکلپ ابھیان کے تحت کئی پروگرام منعقد ہوئے۔

ان پروگراموں میں پارٹی کے جنرل سیکریٹری آرگنائزیشن اشوک کول کے علاوہ دیگر کئی لیڈروں نے شرکت کی۔ پارٹی کی جانب سے خون کا عطیہ دینے کے کیمپ بھی منعقد ہوئے۔

مائیگرنٹ جائیداد

کشمیری مائیگرنٹوں کی غیر منقولہ جائیدادوں کے دعوؤں سے متعلق ایسوسی ایشن نے سرکار سے مطالبہ کیا ہے کہ وادی میں ان کی غیر منقولہ جائیدادوں کو جلد از جلد بحال کیا جانا چاہئے۔

جموں میں آج ایک پریس کانفرنس کے دوران ایسوسی ایشن کے زعمانے متعلقہ ڈپٹی کمشنروں سے اپیل کی کہ وہ ان کے دعوؤں پر فوری کاروائی کیلئے ٹھوس اقدامات کریں۔ انہوں نے کہا کہ اس ضمن میں پہلے ہی لیفٹ گورنر، جموں کشمیر اور لداخ ہائی کوٹ کے چیف جسٹس اور وزیر اعلیٰ کو ایک یاد داشت پیش کی گئی ہے۔

عرس

وادی بھر میں آج پیر پیران حضرت شیخ سید عبدالقادر جیلانی رحمتہ اللہ علیہ کا سالانہ عرس مبارک تزک واحتشام اور عقیدت واحترام کے ساتھ منایا جارہا ہے۔

اس سلسلے میں سب سے بڑی تقریب ان کے آستان عالیہ واقع خانیار سرینگر میں جاری ہے جہاں رات بھر وادی کے اطراف واکناف سے آئے ہوئے عقیدت مندوں کی ایک بڑی تعداد نے شب بیداری کر کے ختمات المعظمات اور نعت ومناجات کی روح پرور مجالس میں شرکت کی۔

------V/O-------

آستان عالیہ پر آج دن بھر نماز پنجگانہ کے بعد موئے شریف کی زیارت کرائی جارہی ہے۔ اسی طرح کی تقریبات درگاہ غوثیہ سرائے بالا اور راہباب صاحب عالی کدل میں بھی منعقد ہو رہی ہیں۔

مہم

ڈیپارٹمنٹ آف امپاورمنٹ آف **Persons With Disabilities** سوچھتا، گڈگورننس اینڈ ای ویسٹ ڈسپوزل کی چھٹی خصوصی مہم کے تحت کام کی جگہوں، التواء میں پڑے معاملات کے نپٹارے اور حکمرانی کے عمل میں بہتری لانے کی طرف خصوصی توجہ دے رہی ہے۔

یہ مہم دو مرحلوں کے تحت عملائی جارہی ہے۔ابتدائی مرحلہ **16** ستمبر سے **30** ستمبر تک جاری رہے گا۔جبکہ دوسرا مرحلہ **2** اکتوبر سے **31** اکتوبر تک جاری رہے گا۔

**NEET** نتائج

نیشنل بورڈ آف ایگزامنشنز اِن میڈیکل سائنسز **NBEMS** نے **NEET PG-2026** کے نتائج کا اعلان کیاہے۔ یہ نتائج بورڈ کی آفیشل ویب سائٹ پر دستیاب ہیں۔نیٹ پی جی امتحان ملک بھر میں **30** اگست کو منعقد کیا گیا تھا۔

پی ایم

وزیر اعظم نریندرمودی نے کہاہے کہ عوامی خدمت زندگی کا بنیادی مقصد ہونا چاہئے اور یہ اقدار ہر ایک شخص میں پیوست ہونے چاہئیں۔انہوں نے کہا کہ سیاست میں بھی عوامی خدمت ایک رہنما اصول ہونا چاہئے اگر چہ انسان اعلیٰ مقام پر بھی پہنچے۔ان باتوں کا اظہار انہوں نے آج وڈنگر سے وارانسی تک سفر کر رہے سیوا یاتریوں کے ساتھ ورچول طریقے پر بات کرتے ہوئے کیا۔انہوں نے مزید کہا کہ پی ایم کسان سکیم ہو یا سوریہ گھر یوجنا،اس طرح کی متعدد اسکیمیں عوام کیلئے کافی فائدہ بخش ثابت ہورہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت کے جذبے کے تحت ہی اب تک **4** کروڑ غریبوں کو پکے مکان مل گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اس طرح کی اسکیموں سے **25** کروڑ شہریوں کو غربت سے باہر لانے میں مدد ملی ہے۔

**-------PM-------**

من کی بات

وزیر اعظم نریندرمودی اتوار کو دن میں گیارہ بجے آکاشوانی پر 'من کی بات' پروگرام میں ملک اور بیرون ملک لوگوں سے اپنے خیالات کا اظہار کریں گے۔ یہ ماہانہ پروگرام کا **138** واں نشریہ ہوگا۔ یہ پروگرام آکاشوانی اور دوردرشن کے تمام نیٹ ورک، **AIR** نیوز کی ویب سائٹ اور **Newsonair** موبائیل ایپ پر بھی نشر ہوگا۔اسے **AIR** نیوز، ڈی ڈی

نیوز، وزیر اعظم کے دفتر اور اطلاعات ونشریات کی وزارت کے یوٹیوب چینلوں پر براہ راست سنا جاسکے گا۔ہندی نشریے کے فوراً بعد آکاشوانی سے اس پروگرام کو علاقائی زبانوں میں نشر کیا جائے گا۔

خزانہ وزارت

وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ صارفین کی سہولت کیلئے ملک کے تمام سرکاری بینک اور علاقائی دیہی بینک 27 ستمبر یعنی بروز اتوار کو معمول کے مطابق کھلے رہیں گے۔

وزارت کے مطابق یہ فیصلہ یونائیٹڈ فورم آف بینک یونینز کی جانب سے 28 سے 30 ستمبر تک مجوزہ ملک گیر بینک ہڑتال کے پیشِ نظر کیا گیا ہے۔

ریزرو بینک آف انڈیا نے بھی تمام بینک شاخوں، دفاتر، اے ٹی ایم سے منسلک شاخوں اور Currency hests کو اتوار کے روز مکمل طور پر فعال رکھنے کی منظوری دے دی ہے۔

**G-4**

**G-4** ممالک یعنی بھارت، برازیل، جرمنی اور جاپان کے وزراء خارجہ نے اقوام متحدہ سیکورٹی کونسل میں جلد از جلد اصلاحات لانے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔

ایک مشترکہ بیان میں ان وزراء نے کہا ہے کہ مستقل اور غیر مستقل زمروں میں کونسل کو توسیع دینا اصلاحات کی کلید ہے۔وزراء نے کہا ہے کہ بدلتے ہوئے جیو پولیٹکل منظر نامے کے تناظر میں **UNSC** میں اصلاحات پہلے سے زیادہ لازمی بن گئے ہیں۔

موسم

محکمہ موسمیات کے مطابق جموں وکشمیر میں اگلے **24** گھنٹوں کے دوران کہیں کہیں پر ہلکی بارش ہونے یا گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔ سرینگر میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **27.7** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **11.5** ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔جموں میں آج دن کا زیادہ سے زیادہ درجہ حرارت **32.2** ڈگری جبکہ کل رات کا کم سے کم درجہ حرارت **24.2** ڈگری سیلسیس درج کیا گیا۔سرینگر میں کل طلوع آفتاب صبح **6** بجکر **20** منٹ اور غروب آفتاب شام **6** بجکر **23** منٹ پر ہوگا۔

## Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔آپ سنئیے قانون سازیہ میں ہوئی آج کی کارروائی کا خلاصہ
ہمیں دیجئے اجازت۔خدا حافظ۔